This question paper contains 4 printed pages]

Roll No.

S. No. of Question Paper : 5009

Unique Paper Code : 214281 C

Name of the Paper : Urdu (C.H.-2.5)

Name of the Course : B.Com. (Hons.) I Year

Semester : II

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 75

(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)

۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے : ۲۰

(الف) اردو زبان کی خصوصیات

(ب) سرمایہ کاری اور بینک

(ج) پسندیدہ ادیب یا شاعر

یا

بینک منیجر کے نام تجارت حاصل کرنے کی درخواست لکھئے۔

۲۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب تحریر کیجئے : ۲۰

۱۸۲۵ء میں اردو کو فارسی کی جگہ سرکاری زبان قرار دیا گیا۔ بہت سے پریس قائم ہو گئے اور اخبار نکلنے لگے۔ اس سے پہلے عیسائی مذہب کی تبلیغ کرنے والوں نے انجیل کے ترجمے اور

دوسری مذہبی کتابیں اردو میں چھاپی تھیں۔ اسی زمانے میں دلی میں دلی کالج قائم ہوا اور اس میں تمام مضامین اردو میں پڑھائے جانے لگے۔ اس ضرورت کے لئے سیکڑوں کتابوں کا ترجمہ کیا گیا۔ سائنس، ہیئت، تاریخ، جغرافیہ، ریاضی وغیرہ کی کتابیں چھپیں اودھ میں بھی سائنس کی کتابوں کے ترجمے ہوئے۔ حیدرآباد دکن میں بھی اس کی طرف توجہ کی گئی۔ اردو نثر کی خوب ترقی ہوئی مگر اس زمانے میں سب سے زیادہ دلچسپ بات یہ ہوئی کہ مرزا غالبؔ نے اردو میں خط لکھنے شروع کیے اور ایسے دلچسپ خط لکھے کہ اس وقت تک وہ اردو کے خزانے میں بیش قیمت جواہرات کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان خطوط کی سادگی، بے تکلفی، ظرافت، اور شگفتگی کا جواب نہیں۔ ان سے اس زمانے کی زندگی کے علاوہ مرزا غالبؔ اور ان کے دوستوں کے بارے میں بہت سی باتیں معلوم ہوتی ہیں۔

(الف) ۱۸۲۵ء میں کون سی زبان کو کس زبان کی جگہ سرکاری زبان قرار دیا گیا؟

(ب) عیسائی مذہب کی تبلیغ کرنے والوں نے کون سی کتابیں اردو میں چھاپی تھیں؟

(ج) دلی کالج میں کون سی کتابیں چھپیں؟

(د) کس کے خطوط کا جواب نہیں اور کیوں؟

(ہ) مذکورہ بالا اقتباس کا مرکزی خیال کیا ہے؟ دو جملوں میں تحریر کیجئے۔

۳۔ درج ذیل اصطلاحات میں سے صرف پانچ کے اردو مترادف لکھئے: ۱۵

(1) Corporate sector

(2) Cost control

(3) Credit control

(4) Co-operation

(5) Consumer

(6) Convenience food

(7) Counter claim

(8) Cost unit rate

(9) Cottage industry

(10) Control price.

۴۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے : ۱۰

(الف)

اب وہ زمانہ تھا کہ انگریزوں کا اثر بہت پھیل چکا تھا۔ وہ بمبئی، مدراس، بنگال اور بہار پر قابض تھے۔ اودھ پر ان کا اثر تھا اور وہ بہت بڑی طاقت بن چکے تھے۔ انہوں نے سوچا کہ جو انگریز یہاں آتے ہیں اگر وہ یہاں کی زبانیں سیکھ لیں تو آسانی ہوگی چنانچہ اس خیال سے ۱۸۰۰ء میں کلکتہ کے فورٹ ولیم میں ایک کالج قائم کیا گیا جس میں نئے آنے والے انگریزوں کو ہندوستان کی کئی زبانیں سکھانے کا انتظام تھا۔ ان زبانوں میں اردو کو بہت اہمیت حاصل تھی، کیونکہ اردو ہی وہ زبان تھی جو ملک کے بہت سے حصوں میں بولی اور سمجھی جاتی تھی۔ انگریز اسے عام طور سے ہندوستانی کہتے تھے اور اسی کو یہاں کی عام زبان قرار دیتے تھے۔

(ب)

اس طرح نیا دور شروع ہوتے ہی اردو زبان کو اعلیٰ پائے کے ادیب مل گئے جنہوں نے دلی لگن کے ساتھ ادب کے ہر شعبے کو چمکانے کی کوشش کی۔ ان لوگوں نے مغرب سے آئے ہوئے علوم و فنون، خیالات اور معلومات سے اس طرح مدد لی کہ ہندوستانی ادب کا مزاج نہیں بدلا اس کا دامن البتہ اس کا دامن وسیع ہو گیا۔ نئی شاعری اور اس میں نئے انداز کے علاوہ ڈرامہ، تنقید، سوانح نگاری، انشاء، علمی مضمون نگاری، ہر چیز کو فائدہ پہنچا یا اور نئی نسلوں کو اندازہ ہوا کہ ادب کے ذریعے سے قومی زندگی میں جوش اور گہرائی پیدا کی جا سکتی ہے۔

۵۔ ''اردو زبان کی ابتداء'' یا ''نیا زمانہ نیا ادب'' پر تفصیلی مضمون لکھئے۔ ۱۰

یا

''دبستان دہلی'' یا ''دبستان لکھنؤ'' کی امتیازی خصوصیات تحریر کیجئے۔